

# گروپ فیملی ڈے کیئر اور فیملی ڈے کیئر آپریٹرز کے لیے لائسنس کی تجدید کے لیے رہنمائی

NYC Health

EHS3305021 – 12.20

Urdu

NYC Health

## فراہم کنندہ یا اسٹاف کے نام کی تبدیلی

اگر آپ کا یا آپ کے ملازمین میں سے کسی کا نام تبدیل ہوگیا ہے، تو آپ کو تجدید کی درخواست کے مواد کے ساتھ اس شخص کے حکومت کی جانب سے جاری کردہ فوٹو آئی ڈی کی ایک کاپی جمع کرانی چاہئے۔

## وسائل:

**نیو یارک سٹی محکمہ صحت بیورو آف چائلڈ کیئر**
nyc.gov/health/childcare
311

**New York State Office of Children and Family Services (OCFS)**
ocfs.ny.gov/main/childcare
518-474-9454

**New York City Child Care Resource and Referral Consortium**
nyccrr.org
888-469-5999

**SUNY ارلی چائلڈ ہڈ ایجوکیشن اینڈ ٹریننگ پروگرام**
albany.edu/earlychildhood
800-295-9616

**LiveScan فنگرپرنٹنگ**
**MorphoTrust USA**
identogo.com
877-472-6915



# اپنی تجدید کی درخواست مکمل کرنا

## تجدید کی درخواست کی آخری تاریخ

آپ کو اپنی تجدید کی درخواست اپنے رجسٹریشن/لائسنس کی میعاد ختم ہونے سے **کم از کم 60 دن** قبل جمع کرانی چاہئے۔ آپ کو اپنا یا اس دوسرے شخص کا جسے Office of Children and Family Services (نیویارک اسٹیٹ آفس آف چلڈرن اینڈ فیملی سروسیز) (OCFS) سے مواصلت وصول کرنے کے لئے نامزد کیا گیا ہو ای میل پتہ فراہم کرنا چاہئے۔

## معائنے

تجدیدکاری کے عمل کے ایک حصہ کے طور پر، NYC محکمہ صحت و ذہنی حفظان صحت (محکمہ صحت) ایک معائنہ کا انعقاد کرے گا۔ اس کے علاوہ، تمام پروگراموں کا معائنہ سالانہ اور موصول ہوئی شکایات کے جواب میں کیا جائے گا۔

## تربیت

آپ کی تجدیدکاری کے حصہ کے طور پر عملہ کی تربیت کی ضرورت ہے۔ ہر دو سال میں، آپ کو اور آپ کے عملہ میں سے ہر ایک کو 30 گھنٹے کی تربیت مکمل کرنا ضروری ہے۔ تربیت کی مدت آپ کے موجودہ رجسٹریشن/لائسنس کے آغاز کی تاریخ سے شروع ہوتی ہے اور ان کے میعاد ختم ہونے تک جاری رہتی ہے۔ آپ کے پروگرام کی تجدیدکاری کی درخواست جمع کرچکنے اور آپ کے اور آپ کے عملہ کے موجودہ رجسٹریشن کی مدت کے لئے 30 گھنٹے کی تربیت سے مطمئن ہوجانے کے بعد، کسی بھی اضافی تربیت (30 گھنٹے کے بعد) جسے آپ اور آپ کا عملہ اس مدت میں حاصل کرتے ہیں کو نئے رجسٹریشن مدت میں کریڈٹ کردیا جائے گا۔ **اگر یہ آپ کی پہلی تجدید ہے**، تو لائسنس/رجسٹریشن کے اجراء سے قبل حاصل کی گئی صحت اور تحفظ کی تربیت کو تربیت کے پہلے 15 گھنٹوں پر لاگو کیا جاسکتا ہے۔

OCFS سے منظور شدہ کم از کم پانچ گھنٹوں کی تربیت ہر سال حاصل کی جانی چاہئے، جن میں صوبائی اور وفاقی قوانین کے مطلوبہ موضوعات پر بحث کی گئی ہو۔

## تربیت کے مطلوبہ موضوعات

تربیت میں نو مطلوبہ موضوعات ہونے چاہئے:

1. بچپن کے نشوونما کے اصول، عمروں کے ان ترقیاتی مراحل پر توجہ مرکوز کرتے ہوئے جن کے لئے پروگرام نگہداشت فراہم کرتا ہے
2. بچوں کی غذائیت اور صحت کے تقاضے
3. بچوں کے ڈے کیئر پروگرام کی تشکیل
4. سلامتی و تحفظ کے طریقہ کار، بشمول والدین اور نگہداشت فراہم کرنے والوں کے مابین مواصلت کے
5. تجارتی ریکارڈز کی دیکھ بھال اور ان کا نظم
6. بچوں کے ساتھ بدسلوکی اور بدتمیزی کی شناخت اور روک تھام
7. بچوں کے ڈے کیئر سے متعلق قوانین و ضوابط
8. بچوں کے ساتھ بدسلوکی اور بدتمیزی سے متعلق قوانین و ضوابط
9. شیکن بےبی سنڈروم کی شناخت، تشخیص اور روک تھام

تجدید کی درخواست جمع کرتے ہوئے آپ کو اس بات کا ثبوت جمع کرانا چاہئے کہ آپ نے اور آپ کے عملہ نے تربیت مکمل کرلی ہے۔ ثبوت میں سرٹیفیکیٹ، لیٹر ہیڈ پر کسی معلم کا خط اور یا کسی تربیتی تنظیم کا حاضری روسٹر شامل ہوسکتے ہیں۔ ان دستاویزات میں تربیت حاصل کرنے والوں کے نام، لی گئی تربیت، احاطہ کئے گئے عنوانات، آپ کو کتنے گھنٹے تربیت ملی اور معلم کا نام اور دستخط بیان کئے گئے ہونے چاہئے۔

اس کے علاوہ، جب کسی پروگرام کو آپریٹ کیا جارہا ہو، تو کم از کم ایک نگہداشت فراہم کنندہ یا سائٹ میں درست CPR اور نگہداشت میں موجود تمام عمر کے بچوں کے لئے مناسب فرسٹ ایڈ سرٹیفیکیٹ، اور CPR اور فرسٹ ایڈ کے تمام سرٹیفیکیشنز میں ذاتی اہلیت کا جز ہونا چاہئے۔

## تربیت کون حاصل کرتا ہے؟

ہر ملازم اور رضاکار جس نے *آپ* کے ابتدائی لائسنسنگ حاصل کرنے کے بعد شروعات کی ہو انھیں اپنے کام کے پہلے چھ مہینوں میں نو مطلوبہ موضوعات میں سے ایک یا زائد میں کم از کم 15 گھنٹوں کی تربیت مکمل کرنی چاہئے۔

ہر ملازم اور رضاکار کو OCFS سے منظور شدہ تربیت کو مکمل کرنا ہوگا جو وفاقی کم از کم صحت اور حفاظت کی خدمت سے پہلے کی تربیت کی ضروریات یا تین ماہ کی واقفیت کی مدت کی تربیت کی ضروریات کے مطابق ہو۔ یہ تربیت کسی پوزیشن پر شروعات کرنے سے پہلے یا تین ماہ کے اندر حاصل کرنی ہوگی۔ ایسے افراد جو OCFS سے منظور شدہ تربیت مکمل کرچکے ہیں انھیں بچوں کے ساتھ بغیر نگرانی کے چھوڑا جاسکتا ہے۔ کوئی بھی ملازم یا رضاکار جس نے بس تربیت کو مکمل نہ کیا ہو انھیں جب تک کہ ان کی تربیت مکمل نہ ہوجائے بچوں کے ساتھ بغیر نگرانی کے نہیں چھوڑا جاسکتا۔

**اگر آپ ایک سے زائد لائسنس شدہ یا رجسٹرڈ** خاندان پر مبنی ڈے کیئر پروگرام چلاتے ہیں، تو آپ کو متعدد ڈے کیئر سائٹس میں انتظام و انصرام میں تربیت مکمل کرنی چاہئے۔

## تربیت کہاں سے حاصل کریں

تربیتی پروگرامز سے متعلق معلومات کے لئے New York City Child Care Resource and Referral Consortium (نیویارک سٹی چائلڈ کیئر ریسورس اینڈ ریفرل کسٹوریم) کو کال کریں۔ آپ تربیتی پروگرامز سے متعلق معلومات، بشمول 15 گھنٹہ کی صحت اور تحفظ سے متعلق تربیت اور مفت ای لرننگ اور ویڈیو کانفرنس تربیت **SUNY ارلی چائلڈ ہڈ ایجوکیشن اینڈ ٹریننگ پروگرام** یا **OCFS** سے رابطہ کرتے ہوئے حاصل کرسکتے ہیں۔ برائے مہربانی یقینی بنائیں کہ جو بھی آن لائن تربیت آپ مکمل کریں وہ OCFS کے ذریعہ منظور شدہ ہو اور اسے آپ کے 30 گھنٹے کی تربیت کے مطالبہ میں شمار کیا جاسک تا ہو۔

## تربیت کے لئے رقم کیسے حاصل کریں

آپ، OCFS کے زیر اہتمام، **ایجوکیشنل انسینٹیو پروگرام (Educational Incentive Program, EIP)** کی جانب سے، تربیت اسکالر شپ رقم کے لئے موزوں ہوسکتے ہیں۔ EIP درخواست کی گزارش کرنے کے لئے، رابطہ کریں **SUNY ارلی چائلڈ ہڈ ایجوکیشن اینڈ ٹریننگ پروگرام** سے۔



## پس منظر کی جامع جانچ پڑتال

**تمام عملہ، رضاکار اور 18 سال یا اس سے زیادہ کی عمر کا کوئی بھی شخص جو اس گھر میں رہتا ہو جہاں پروگرام چل رہا ہے انھیں ایک جامع پس منظر جانچ پڑتال (Comprehensive Background Check, CBC) سے گزرنا ہوگا جس میں مندرجہ ذیل شامل ہیں:**

- کرمنل جسٹس سروسز کے ڈویژن کے ساتھ NYS مجرمانہ تاریخ کے ریکارڈ کی جانچ
- Federal Bureau of Investigation (فیڈرل بیورو آف انویسٹیگیشن) (FBI) کے ساتھ ملکی مجرمانہ ریکارڈ کی جانچ
- NYS کے جنسی مجرم کی رجسٹری کی تلاش
- سوشل سروسز لاء کے دفعہ 424-a کے مطابق NYS کے کل ریاستی مرکزی رجسٹر برائے بچوں کے ساتھ بدسلوکی اور بدتمیزی (Statewide Central Register, SCR) کے ڈیٹا بیس کی جانچ
- نیشنل کرائم اینڈ انفارمیشن سینٹر کا استعمال کرتے ہوئے ملکی جنسی مجرم کی رجسٹری کی تلاش

**CBC مکمل کرنے کے لئے، آپ کے بورو کے دفتر میں ایک 6000 پیکٹ جمع کیا جانا چاہئے، جس میں مندرجہ ذیل شامل ہوں:**

- OCFS-6000، مطلوبہ فارم اور کلیئرنس لسٹ
- OCFS-6001، بچوں کی نگہداشت فراہم کنندہ، عملہ، اور رضاکار کی معلومات
- OCFS-6002، صلاحیتیں
- OCFS-6003، حوالہ جات
  - کسی بھی نئے عملہ اور متبادلوں کو دو حوالہ جات (ایک پرانے آجر سے اور ایک شخصی) جمع کرنا چاہئے۔ اگر نئے ملازم کے پاس ماضی کا کوئی پیشہ ورانہ تجربہ نہیں ہے، تو انھیں دو شخصی حوالہ جات جمع کرنا چاہئے۔
- OCFS-6004، طبی
  - کسی بھی نئے معاون، متبادل اور گھر کے اراکین کو رجسٹریشن/لائسنس کی میعاد ختم ہونے سے پہلے 12 مہینوں کے اندر کسی معالج کا دستخط شدہ طبی بیان جمع کرنا چاہئے۔
- OCFS-6005، مجرمانہ سزا کا بیان
- OCFS-6022، Staff Exclusion List (عملہ کے اخراج کی فہرست (SEL))
  - آپ کو 30 جون، 2013 کے بعد ملازم رکھے گئے تمام نگہداشت فراہم کنندگان اور رضاکاروں کے لئے SEL کی جانچ کا اہتمام کئے جانے کی درخواست نیویارک اسٹیٹ جسٹس سینٹر فار دی پروٹیکشن آف پیپل ود اسپیشل نیڈز سے کرنی چاہئے۔
- OCFS-4930، درخواست برائے فنگرپرنٹنگ
  - فنگرپرنٹنگ کو MorphoTrust USA کے ذریعہ فراہم کیا جاتا ہے۔ شناخت کی مناسب شکلیں لینے اور OCFS کی ویب سائٹ پر دستیاب، NYS فنگرپرنٹنگ سروسز انفارمیشن فارم (OCFS-4930) کے لئے درخواست مکمل کرنے کو یقینی بنائیں۔
- LDSS-3370، اسٹیٹ وائڈ سینٹرل رجسٹر ڈیٹابیس چیک ریکویسٹ
  - بورو کے دفتر میں اس فارم کو جمع کرتے ہوئے فی ملازم $25 کی اجرت لگتی ہے۔

ادائیگی کی قابل قبول صورتوں میں تصدیق شدہ چیک، پوسٹل یا بینک منی آرڈر، ٹیلر چیک، یا کیشیئر چیک شامل ہیں۔

آپ کو **گھر کے کسی بھی نئے رکن یا ایسے رکن جن کی عمر 18 سال ہو چکی ہے** اور وہ رکن جو آخری رجسٹریشن کے بعد SCR کے ذریعہ کلیئر نہیں کئے گئے تھے کے لئے ایک نیا SCR فارم بھی مکمل اور جمع کرنا چاہئے۔ برائے مہربانی اس فارم کو جلد از جلد جمع کریں۔

برائے مہربانی چیک یا منی آرڈر کو **New York State Office of Children and Family Services** کے حق میں قابل ادائیگی بنائیں اور درخواست گزار کا نام شامل کریں۔ بچوں کی نگہداشت پروگرام کے رضاکاروں، یا کنسلٹنٹس یا گھر کے اراکین کے لئے کسی اجرت کی ضرورت نہیں ہے۔

ملازمین اور رضاکار 6000 پیکٹ جمع کرنے، اپنی فنگرپرنٹنگ اپوائنٹمنٹ مکمل کرنے اور فنگرپرنٹ کی رسید اور موجودہ طبی فارم کو پروگرام میں جمع کرنے کے بعد ملازمت شروع کرسکتے ہیں۔ ان افراد کی ایک ایسے شخص کے ذریعہ ہر وقت نگرانی کی جانی چاہئے جو کہ مکمل طور پر کلیئر ہو یہاں تک کہ CBC کے نتائج پر مبنی نوٹیفیکیشن موصول ہو جائے کہ یہ شخص بچوں کی نگہداشت کرنے کے لئے موزوں ہے۔